© rasailojaraid.com



اردو یونیورسٹی) کے بیٹے ہیں۔ موصوف کی انتہاء پسندی اس قدر بڑھی ہوئی ہے کہ کنز الایمان کے دفاع میں اپنے ہی بریلوی مکتبہ فکر کے متشدد عالم مولانا سعیدی کے خلاف گری ہوئی غیر علمی زبان استعمال کی گئی ہے ''ذنبی گروہ'' (ص/۹۲۵۔۹۲۶) ذنب کے معنی گناہ ہیں۔

گستاخان دربار رسالت منہ کے بل گر پڑے (ص/۹۲۶)

گمراہیت اور کفر کے کوس بجنے لگنے (ص/۹۲۶)

''مولانا سعیدی نے آیۃ مغفرت میں جس قدر خود ساختہ تحقیق کو تخریب کا جامہ پہنایا'' (ص/۹۲۷)

''مولانا سعیدی سے درخواست ہے کہ وہ حضرت عطاء خراسانی رحمۃ اللہ علیہ تابعی کی تکفیر سے توبہ کریں'' (ص/۹۲۹) بدرالدین عینی کی تکفیر سے توبہ کریں (ایضاً) جرجانی کی ۔۔۔۔ تکفیر سے توبہ کریں (ص/ایضاً) ورنہ آج نہیں تو کل ایسے لوگ پیدا ہو جائیں گے جو کسی بھی کیل کے سہارے آپ کی تکفیر کر سکتے ہیں (ایضاً) چیف ایڈیٹر صاحب نے اس نمبر کی جمع و ترتیب اور اشاعت میں ہر ممکنہ جدوجہد کی ہے۔ بہتر ہوتا ایسے فرقہ وارانہ مضامین کسی اہل علم کو دکھا دیتے یا شائع نہ کرتے تو بہتر ہوتا ایسے مضامین چھاپنے کے لئے بہت سے فرقہ وارانہ مجلات و ترجمان موجود ہیں۔ یہ مجلہ ایندھن نہ بنے تو بہتر ہوگا۔

میں دعاء گو ہوں اللہ تعالیٰ طاہر سلطانی صاحب سے مزید علمی خدمات لے اور مجلہ کا سفر جاری رہے۔ مجلہ میں بریلوی مکتبہ فکر کے قرآن تراجم کی فہرست پیش کی جاتی تو مناسب ہوتا، اس پر میں نے بھی متعدد اہل علم سے اپنے مجلہ کا ''قرآن نمبر'' شائع کرتے ہوئے درخواست کی تھی مگر جواب نہیں ملا تھا۔ باہر حال! بحیثیت مجموعی اچھی کوشش ہے، جسے جاری رہنا چاہیے۔

| | | |
|---|---|---|
| مجلہ کا نام | : | پہچان (تاج نمبر) جنوری ۲۰۱۳ء سلسلہ نمبر ۲۴ |
| چیف ایڈیٹر | : | پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار علی دانش |
| ناشر | : | ادارہ پہچان، مکان نمبر ۱۰، سی بلاک، نمبر ۲، سیٹلائٹ ٹاؤن، میر پور خاص، فون نمبر: ۰۳۳۳۔۲۹۶۶۱۶۵ |
| قیمت وصفحات | : | ۲۰۰ روپے، صفحات ۳۶۸ |

ڈاکٹر صاحب قائد ملت گورنمنٹ کالج لیاقت آباد میں اردو کے پروفیسر ہیں، آپ نے تاج قائم خانی پر یہ نمبر شائع کیا ہے، جس میں موصوف کا نعتیہ کلام گیت، دوہے، غزلیں، قطعات، افسانے، موصوف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے تنقیدی و توصیفی مضامین اور آپ کے نام ادیبوں کے خطوط شامل ہیں۔ آخر میں کتابوں و مجلات پر تبصرہ بھی شامل کیا ہے۔ جس میں اس مجلہ علوم اسلامیہ پر بھی تبصرہ شائع کیا گیا۔

تاج صاحب پر یہ بہت جامع کام سامنے آیا ہے، جس سے ان کی زندگی کے نشیب و فراز اور فکری رجحانات کو سامنے لانے میں مدد ملتی ہے، اسی طرح دیگر شخصیات پر بھی نمبر آنے چاہئے جنہوں نے اپنی زندگی علمی خدمات میں گزاری ہے۔

مجلہ کا نام : تذکرہ کراچی ۲۰۱۳ء شمارہ نمبر ۸

چیف ایڈیٹر : منظر عارفی اور جاوید ہاشمی

ناشر : ۱۳۷ شاہ فیصل کالونی، بلاک نمبر ۳، کراچی ۰۳۲۲۲۵۵۹۸۵۴

قیمت و صفحات : ۵۰ روپے، صفحات ۸۰

منظر عارفی صاحب شاعر اور علم دوست شخصیت ہیں، قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ پر آپ کا مضمون ہے، مولانا حفظ الرحمن سیوہاروی پر معظم اقبال برنی اور واقدی معروف سیرت نگار کا تعارف بھی کرایا گیا ہے۔ نعت گو شعراء کا تعارف کرایا گیا ہے، یہ مجلہ ایک اچھی علمی کوشش ہے، اسے جاری رہنا چاہئے۔

## گوشہ علمی و تعلیمی خبریں

### بحریہ کالج ٹاور میں تلاوت و نعت کا بین الکلیات مقابلہ:

رپورٹ: ڈاکٹر فہمیدہ

۳۱۔ اکتوبر ۲۰۱۲ء کو بحریہ کالج کے پرنسپل کیپٹن ساجد محمود تمغہ امتیاز صاحب نے سالانہ تلاوت و نعت کا گیارہواں بین الکلیات مقابلہ منعقد کیا۔ مقابلہ میں پندرہ سے زائد اداروں نے شرکت کی، طلباء و طالبات کے ساتھ اساتذہ، ڈاکٹر فہمیدہ، پروفیسر محمد عامر، پروفیسر اختر قادری کے ساتھ پروفیسر زیدی صاحب کا بھی بڑا حصہ تھا، پروفیسر ڈاکٹر احسان الحق صدر شعبہ عربی کراچی یونیورسٹی مہمان خصوصی تھے، پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب نے دیگر اساتذہ کرام کے ساتھ جج کے فرائض انجام دیئے اس کے علاوہ پرنسپل و اساتذہ کرام کے لئے اپنے مجلہ علوم اسلامیہ انٹرنیشنل کا مکالمہ بین المذاہب سیرت النبی ﷺ نمبر ۲۰۱۲ء پیش کیا اور لائبریری کے لئے اپنی ذاتی کتب ہدیتاً پیش کیں، پرنسپل کیپٹن ساجد محمود

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


صاحب نے کتب وصول کر کے شکریہ ادا کیا، اس موقع پر تجویز پیش کی کہ تلاوت ونعت کے ساتھ سیرت النبی ﷺ پر تقریری مقابلہ اور سیرت النبی ﷺ کوئز کے مقابلے بھی منعقد کرائے جائیں اور کالج میں ایم اے اسلامک اسٹڈیز کا اجراء کیا جائے، پرنسپل صاحب نے ڈاکٹر صلاح الدین ثانی ودیگر ججز کو سرٹیفکیٹ اور یادگاری شیلڈ پیش کی۔

## گورنمنٹ کالج برائے خواتین شاہراہ لیاقت میں بین الکلیاتی مقابلہ حسن قرأت ونعت

مذکورہ کالج کراچی کا معروف کالج ہے، جہاں ڈائریکٹریٹ کالجز اکثر تقریبات واجلاس منعقد کرتے ہیں، پرنسپل صاحبہ نے حسب سابق مقابلے منعقد کئے اور قرأت کے مقابلے کے لئے راقم (چیف ایڈیٹر) کو جج مقرر کیا، اسی مناسبت سے راقم نے خطاب کیا، آخر میں پرنسپل کی جانب سے ''یادگاری ایوارڈ'' پیش کیا گیا۔

گورنمنٹ کالج برائے خواتین گلبہار چورنگی میں بین الکلیاتی مقابلہ حسن قرأت ونعت فروری ۲۰۱۲ء میں ہفتہ طالبات کے حوالہ سے پرنسپل کی جانب سے مقابلہ حسن قرأت ونعت منعقد کیا گیا اور راقم (چیف ایڈیٹر) کو جج کی حیثیت سے مدعو کیا گیا، پروفیسر سطوت صاحبہ صدر شعبہ کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہی ہیں۔ تقریب بہت شاندار تھی راقم نے اسی مناسبت سے خطاب کیا۔ امید ہے اسی طرح یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔

## عبداللہ کالج برائے خواتین میں بین الکلیاتی مقابلہ حسن قرأت ونعت

یہ کراچی کا بڑا کالج ہے اور اس کا امتیاز یہ ہے کہ ہر سال یہاں مقابلے منعقد ہوتے ہیں، پابندی سے مجلّات شائع ہوتے ہیں اور فروری ۲۰۰۶ء سے ایم اے اسلامک اسٹڈیز و پولیٹکل سائنس کا سلسلہ بھی جاری ہے، یہ اعزاز دیگر کالجز کو حاصل نہیں ہے۔ سابق پرنسپل پروفیسر غلام زہرا صاحبہ اور اسٹاف کی جانب سے راقم (چیف ایڈیٹر) کو جج کی حیثیت سے ۲۲ فروری ۲۰۱۲ء کو مدعو کیا گیا اور سیرت نگاری ایوارڈ سے نوازا گیا۔ راقم پرنسپل ودیگر اساتذہ کا تہہ دل سے شکر گزار ہے۔

## قائد ملت گورنمنٹ کالج میں منعقدہ پروگرامز:

### رپورٹ: ڈاکٹر سید شعیب اختر شاہین

قائد ملت کالج میں ہر سال سیرت النبی ﷺ کے علاوہ مشاہیر کے خصوصی ایام کی مناسبت سے

© rasailojaraid.com